
# 22 دایاں - بایاں

4312CH22

نیچے ایک ہاتھ کی تصویر بنی ہے۔ اس پر اپنی ہتھیلی رکھو۔ انگوٹھے پر انگوٹھا اور انگلیوں پر انگلیاں۔



© NCERT not to be republished



2019-20

تم نے اپنا جو ہاتھ تصویر پر رکھا ہے وہ تمہارا دایاں ہاتھ ہے۔ اب اپنا دوسرا ہاتھ کاپی کے صفحے پر رکھو اور بائیں ہاتھ سے اس کے کنارے پینسل چلا کر تصویر بناؤ۔

اس بار تم نے جس ہاتھ کی تصویر بنائی ہے وہ تمہارا بایاں ہاتھ ہے۔

## آؤ، ایک گانا گائیں

کرو دایاں ہاتھ آگے، کرو دایاں ہاتھ پیچھے،
کرو یہ اوپر نیچے اور تھوڑا مسکراؤ۔
آئے گا... پھر مزہ...
کرو بایاں ہاتھ آگے، کرو بایاں ہاتھ پیچھے،
کرو یہ اوپر نیچے اور تھوڑا مسکراؤ۔
آئے گا... پھر مزہ...

اسی طرح اب دائیں پیر اور بائیں پیر کے لیے بھی گاؤ۔

- اب دیکھو اور بتاؤ کہ کلاس میں —
- تمہاری بائیں طرف کیا ہے؟
- تمہارے پیچھے کیا کیا ہے؟
- تم کس کی بائیں طرف بیٹھے ہو؟
- تمہاری دائیں طرف کیا ہے؟
- تمہاری دائیں طرف کون بیٹھا ہے؟
- تمہارے آگے کیا ہے؟
- تم کس کی دائیں طرف بیٹھے ہو؟

اشاروں و حرکات کے ساتھ گانے میں بچوں کو لطف آئے گا۔ وہ دایاں بایاں، اوپر نیچے، آگے پیچھے خود اپنے تجربے سے سیکھیں گے۔

© NCERT not to be republished

* یہ ایک تصویر ہے جس میں رُوچرا درمیان میں ہے۔ اب تم اسی تصویر میں بناؤ۔

- رُوچرا کے پیچھے کتاب
- رُوچرا کے آگے پیڑ
- روچرا کی دائیں طرف کسی جانور کی تصویر
- رُوچرا کی بائیں طرف کرسی



© NCERT not to be republished

## رُوچرا کو گھر سے اسکول پہنچاؤ۔

تصویر میں اسکول دیکھو۔ رُوچرا گھر سے اسکول تک کا راستہ بھی تلاش کرو۔ اب رُوچرا کے گھر سے اسکول تک کا راستہ رنگین پینسل سے دکھاؤ۔




© NCERT not to be republished

* رُوچِرا کو گھر سے اسکول تک کے راستے میں کون کون سی جگہیں ملیں گی؟ ان کے نام لکھو۔

________ ________ ________ ________

________ ________ ________ ________

________ ________ ________ ________


* ان میں سے کون سی جگہیں اور چیزیں دائیں طرف ملیں گی اور کون سی بائیں طرف؟

| دائیں طرف | بائیں طرف |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

* رُوچِرا کو گھر سے اسکول جاتے وقت کل کتنی بار مُڑنا پڑے گا؟ ________

اگلے صفحہ پر ایک تصویر بنی ہے۔ یہ تصویر پہلے دی گئی تصویر کا چھوٹا نمونہ ہے۔ اس میں جگہوں کی تصویروں کے بجائے کچھ نشانات بنائے گئے ہیں۔ ایسی تصویر کو نقشہ کہتے ہیں۔ نشانوں کو پہچانو اور جگہوں کے نام لکھو۔

© NCERT not to be republished






کیا تم بتا سکتے ہو کہ یہ نشانات کیوں بنائے جاتے ہیں؟

نیچے ایک فہرست دی گئی ہے۔ اس میں تم اپنی مرضی سے کچھ نشانات (اشارے) بناؤ۔ یہ نشان پہلے والے نشانوں سے مختلف بنانا۔ اب اپنے بنائے ہوئے نشانوں کو نقشے میں بھی بناؤ۔

## نشانات

- رُوچِرا کا گھر ←
- اسکول ←
- ڈاکخانہ ←
- پیڑ ←
- اسپتال ←
- بس اسٹاپ ←
- کنواں ←
- دکان ←
- پھاٹک۔دروازہ ←
- گھر ←



© NCERT not to be republished

بچوں کے سامنے نقشوں میں نشانات بنانے کی ضرورت کی وضاحت کیجیے۔ بچوں کے بنائے گئے نشانوں پر گفتگو کرنا دلچسپ اور مفید ثابت ہوگا۔


صفحہ 149 میں تم نے اسپتال کے لیے '+'، کا نشان دیکھا ہوگا۔ اس نشان کی مدد سے بغیر پڑھے ہی اسپتال کو پہچانا جا سکتا ہے۔

ایسے اور کون کون سے نشان تمھیں اپنے آس پاس دکھائی دیتے ہیں؟ ان کی تصویریں بناؤ اور لکھو کہ وہ کیا دکھاتی (ظاہر کرتی) ہیں۔

| تصویر | کیا ظاہر کرتی ہے |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

© NCERT not to be republished

* نقشے میں دکھائے گئے نشانوں کی فہرست بنی ہے۔ دھیان سے دیکھو اور لکھو۔




© NCERT not to be republished

- نقشے میں کتنے گھر ہیں؟ ________________
- نقشے میں کتنی دوکانیں ہیں؟ ________________
- نقشے میں کتنے پیڑ ہیں؟ ________________

- نقشے میں کتنے ہینڈ پمپ ہیں؟ ______________________
- اسکول ڈاک خانے کے پاس ہے یا اسپتال کے پاس؟ ______________
- بس اسٹاپ کے پاس کیا ہے؟ ________________________
- اگر نقشے کے ساتھ فہرست نہ ہوتی تو کیا تم نقشے کو پڑھ پاتے؟ __________

______________________________________________

- ریاضی میں جو نشانات تم نے سیکھے ہیں اُن میں سے کچھ کو یہاں پر لکھو۔

____________ ____________ ____________

____________ ____________ ____________

تمھارے گھر سے اسکول جانے کے راستے میں جو جگہیں / چیزیں ملتی ہیں، اُنھیں نشانات کے ذریعے دکھاؤ۔ تم اپنی پسند کے نشانات چُن سکتے ہو۔

© NCERT not to be republished